Noble Quran القُرآن الحَكِیمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) حضرت شاہ عبدِالقادر)) اردو ترجمہ بمعہ عربی

سورۃ الفجر

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

قسم ہے فجر کی،	.1
اور دس راتوں کی،	.2
اور جفت اور طاق کی۔	.3
اور اس رات کی، جب رات کو چ لے۔	.4
ہے ان چیزوں کی قسم پوری عقلمندوں کے واسطے۔	.5
تو نے نہ دیکھا کیسا کیا تیرے رب نے عاد سے؟	.6
وہ جو ارم تھے بڑے ستونوں والے!	.7
جو بنی نہیں ویسی سارے شہروں میں،	.8
اور ثمود سے جنھوں نے تراشے پتھر وادی میں،	.9
اور فرعون سے، وہ میخوں والا۔	.10

یہ سب جنہوں نے سر اٹھایا ملکوں میں،	.11
پھر بہت ڈالی ان میں خرابی،	.12
پھر پھینکا اُن پر تیرے رب نے کوڑا عذاب کا۔	.13
تیرا رب لگا ہے گھات میں۔	.14
سو آدمی جو ہے جب جانچے اس کو رب اس کا، پھر اس کو عزت دے اور اس کو نعمت دے تو کہے، میرے رب نے مجھے عزت دی	.15
اور وہ جس وقت اس کو جانچے (آزمائے)، پھر کھینچ (تنگی) کرے اس پر روزی کی تو کہے، میرے رب نے مجھے ذلیل کیا۔	.16
کوئی (ہرگز) نہیں! تم عزت نہیں کرتے یتیم کو (کی)،	.17
اور تاکید نہیں رکھتے آپس میں محتاج کے کھانے کی،	.18
اور کھاتے ہو مردے (میراث) کا مال سمیٹ کر سارا،	.19
اور پیار کرتے ہو مال کو جی بھر کر۔	.20
کوئی (ہرگز) نہیں! جب پست کریں زمین کو کوٹ کوٹ کر،	.21
اور آئے تیرا رب، اور فرشتے آئیں قطار قطار۔	.22
اور لایئے اس دن دوزخ کو۔ اس دن سوچے آدمی، اور کہاں ملے اس کو سوچنا؟	.23
کہے، کسی طرح میں کچھ آگے بھیجتا اپنے جیتے۔	.24

پھر اس دن مار (عذاب) نہ دے اس کی سی کوئی،	.25
اور باندھ نہ رکھے اس کا سا کوئی۔	.26
اے جی چین پکڑے (نفس مطمئنہ)!	.27
پھر (لوٹ) چل اپنے رب کی طرف، تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی۔	.28
پھر مِل میرے بندوں میں،	.29
اور داخل ہو جا میری بہشت میں۔ *********	.30

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com